
# Arterio Venous Fistula

## ہیموڈائیلیسز مریضوں کا پہلا انتخاب





دی کڈنی سینٹر
پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ
197/9، رفیقی شہید روڈ، کراچی-75530،
فون: 3566-1000 (10 Lines) فیکس 35661040-50
ای میل: mail@kidneycentre.com
ویب سائٹ: www.kidneycentre.com
فیس بک: www.facebook.com/TheKidneyCentre


**سوال : فسٹیولہ کیا ہوتا ہے؟**

جواب : فسٹیولہ شریان (Artery) اور ورید (Vien) کے درمیان سرجری کا ایک تعلق ہوتا ہے۔ جو کہ عام طور پر کلائی کے دائیں یا بائیں طرف بنایا جاتا ہے جس کے ذریعے مصنوعی طریقہ کار سے خون کی صفائی کی رسائی (Vascular System) شریانی نظام تک ممکن ہو جاتی ہے۔ ایسے لوگ جن کے گردے ناکارہ ہو چکے ہوں ان میں خون کی صفائی کیلئے Dialysis کی جاتی ہے۔ یعنی خون کی صفائی میں جسم میں موجود فاسد مادوں اور اضافی پانی کا اخراج شامل ہے۔

**سوال : آرٹیریو وینس فسٹیولا شریان اور ورید فسٹیولہ کتنا اہم ہے؟**

جواب : وہ مریض جو لمبے عرصے تک گردوں کی صفائی (Dialysis) پر ہوں۔ ان کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ فسٹیولہ اُن کی زندگی کا ایک ناگزیر حصہ بن چکا ہے اور فسٹیولہ کی اپنی ایک اہمیت ہے۔ کسی قسم کی بھی فسٹیولہ کی خرابی مریض کی زندگی کیلئے ہنگامی صورتحال پیدا کر سکتی ہے۔

**سوال : آرٹیریو وینس فسٹیولا کے کام کرنے کی صلاحیت کتنے عرصے تک برقرار رہ سکتی ہے؟**

جواب : آرٹیریو وینس فسٹیولا کے کام کرنے کی صلاحیت مریض کی احتیاط پر ہے کہ وہ اپنے فسٹیولہ کی خود کتنی حفاظت اور خیال کرتا ہے مثلاً فسٹیولہ والے ہاتھ پر مریض کوئی دباؤ نہ ڈالے۔ اس کے علاوہ ڈائیلیسز ٹیکنیشنز بھی اس بات کا خیال رکھیں کہ ڈائیلیسز کے دوران سوئی کے لگانے اور نکالنے کے عمل میں احتیاط سے کام لیں۔

**سوال : آپ کو شریان و ورید فسٹیولہ (AV Fistula) کیوں تجویز کیا گیا ہے؟**

جواب : جیسے ہی گردے کمزور ہوتے ہیں آپ کا معالج یہ جان لیتا ہے کہ آپ کے گردوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے اور اب گردوں کی صفائی (Dialysis) کرنا ہی ضروری ہے اور اس کیلئے چند اہم جوڑنے والے مقامات (Connecting Points) کو جسم پر ڈھونڈ کر اُن میں سے خون کو نکالا جاتا ہے اور گردوں کی صفائی (Dialysis) کے بعد واپس جسم میں ڈالا جاتا ہے اور اس طرح کے جوڑنے والے مقامات کو AV Fistula کہا جاتا ہے۔

**سوال : فسٹیولا بنانے کا کام کون کرتا ہے اور یہ کہاں پر ہوتا ہے؟**

جواب : یہ سرجری کا طریقہ کار شریانوں کے درمیان فسٹیولہ کی مدد سے شریان تک رسائی اور خون کی صفائی ایک ماہر سرجن کرتا ہے اور یہ کام متعلقہ حصے کو سن کر کے کیا جاتا ہے۔

**سوال : آرٹیریو وینس فسٹیولا کس طرح کام کرتا ہے؟**

جواب : سرجری سے AV Fistula کے بننے کی وجہ سے جگہ کھلی ہو جاتی ہے جس کے ذریعے خون آسانی سے نکالا جا سکتا ہے اور خون کی صفائی کے بعد جسم میں واپس داخل کر دیا جاتا ہے۔ فسٹیولہ جو کہ ایک مریض کو ڈائیلیسز کی مشین سے منسلک کرتا ہے اس کیلئے سرجن مریض کو 6 سے 8 ہفتے پہلے تیاری کرواتا ہے تاکہ مریض گردوں کی صفائی کیلئے تیار رہے۔ جب (AV) شریان اور ورید باہم ملا دی جاتی ہیں تو شریان وقت کے ساتھ ساتھ بڑھ جاتی ہے اور مضبوط بھی ہو جاتی ہے جو کہ گردوں کی صفائی کیلئے بہتر رہتی ہے۔

**سوال : مریض فسٹیولہ کے ساتھ کیسا محسوس کرتا ہے؟**

جواب : جس بازو پر فسٹیولہ بنایا جاتا ہے وہ جگہ قدرے گرم اور معمولی سے اُبھار کی طرح محسوس ہوتی ہے، دوسرے بازو سے مقابلتاً اور نہایت معمولی سنسناہٹ (Vibration) انگلیوں سے محسوس کی جا سکتی ہے۔ اور اگر یہ سنسناہٹ (Vibration) محسوس نہ ہو تو اس کا مطلب ہے کہ فسٹیولہ کے صحیح کام کرنے کی صلاحیت میں خرابی پیدا ہو چکی ہے۔ لہٰذا وقت ضائع کئے بغیر اپنے معالج سے رابطہ کریں۔

**سوال : فسٹیولہ کی مدت بالیدگی (Maturation) تک کیسے حفاظت کی جائے؟**

جواب :

- تین سے چار یوم کے بعد آپ کے معالج آپ کو کلائی کی ورزش بتائیں گے۔
- مستقل ورزش ہی اس بات کا تعین کرے گی کہ فسٹیولہ بننے کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔
- دس دن کے بعد آپ کے معالج آپ کو بتا دیں گے کہ اب ٹانکے (Stitches) نکل سکتے ہیں یا اسے مزید وقت درکار ہے۔
- آپ کا فسٹیولہ 4 سے 6 ہفتے اپنی بالیدگی تک پہنچنے میں لے گا تاکہ گردوں کی صفائی ممکن ہو سکے قبل از وقت Premature Fistula کا استعمال رکاوٹ کا باعث ہو سکتا ہے۔

**سوال : کون کون سی پیچیدگیاں ہو سکتی ہیں؟**

جواب : اگر فسٹیولہ کے ساتھ مندرجہ ذیل تکالیف محسوس ہوں تو فوری طور پر اپنے ڈاکٹر سے دی کڈنی سینٹر میں رابطہ کریں یا خود ہی فوری طور پر ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں تشریف لے آئیں۔

- درد، جلن، سرخی
- غیر معمولی سوجن
- فسٹیولہ کی جگہ سے خون کا بہنا
- فسٹیولہ کے اوپر والی جگہ پر سنسناہٹ (Vibration) کا محسوس نہ ہونا

**سوال : آرٹیریو وینس فسٹیولا (AV Fistula) کی حفاظت اور تحفظ کس طرح کی جائے؟**

جواب :

- وہ بازو جس پر فسٹیولہ لگایا گیا ہے اُس سے کوئی بھی بھاری کام نہ کیا جائے۔ مگر آپ اس ہاتھ سے منہ دھو سکتے ہیں، بیت الخلا استعمال کر سکتے ہیں اور کپڑے بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔
- فسٹیولہ کی جگہ کو صاف رکھیں اور زیادہ سخت کام کرنے سے اجتناب کریں اس طرح آپ جراثیم کے حملے سے محفوظ رہیں گے
- اپنے ناخن ترشوا کر رکھیں تاکہ فسٹیولہ پر خراش نہ پڑے
- سوتے وقت فسٹیولہ والی طرف سونے سے اجتناب برتیں اور فسٹیولہ والا بازو تکیے یا سر کے نیچے بھی نہ رکھیں
- بلڈ ٹیسٹ کیلئے خون لینے کی غرض سے فسٹیولہ والے بازو کو استعمال نہ ہونے دیں اور اس کے ساتھ مضبوطی سے باندھی ہوئی پٹی، کلائی کی گھڑی اور چوڑیوں سے بھی اجتناب کریں
- خون کی صفائی (Dialysis) کیلئے سرنج کو کھال میں ایک ہی جگہ پر بار بار داخل کرنے سے زخم بن سکتا ہے اس لئے ہر دفعہ نئی جگہ کا انتخاب کریں
- بلڈ پریشر کے آلے کو فسٹیولہ والے بازو پر نہ لگائیں
- مریض کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہاتھ میں زیورات پہننے سے اجتناب برتیں اور تنگ کپڑے بھی نہ پہنے اور کسی بھاری چیز کو اُٹھانے کیلئے فسٹیولہ والا بازو استعمال نہ کریں
- روزانہ کے معمولات میں باقاعدگی کے ساتھ انگلیوں کا رنگ اور درجہ حرارت نبض کی رفتار معلوم کرتے رہیں کہ دوران خون مناسب ہے یا نہیں دوران علاج جگہ کو صاف اور خشک رکھیں
- فسٹیولہ والے بازو کو جراثیمی حملوں سے بچانے کیلئے اس کا مسلسل دھیان رکھیں

**یاد رکھیئے، فسٹیولہ ہی آپ کی زندگی ہے۔**